# 14-09-2024 Saturday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔بی آر ایس پارٹی نے الزام لگایا کہ وزیر اعلی نے اندرون 100 دن 6 ضمانتوں بشمول دو لاکھ روپئے تک کے قرضہ جات کی عدم معافی اور دو لاکھ ملازمتوں کی فراہمی کے وعدہ کو پورا نہ کرتے ہوئے تمام شعبہ جات کے عوام سے دغا بازی کی ہے۔

۲۔ریاست میں اندرون ایک ہفتہ ایم بی ایس اور بی ڈی ایس کی کونسلنگ کا آغاز ہوگا۔

۳۔تلنگانہ پسماندہ طبقات کمیشن نے بی سی ذاتوں کی مردم شماری کی مشق کا آغاز کردیا ہے۔

اور

۴۔ دونوں شہروں حیدرآباد وسکندرآباد میں گنیش وسرجن کیلئے تینوں کمشنریٹس سے تقریبا 25000 ملازمین پولیس اور اضافی فورسس کو سیکوریٹی کے لئے تعینات کیا جائے گا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے الزام لگایا کہ وزیر اعلی ریونت ریڈی نے اندرون 100 دن 6 ضمانتوں بشمول دو لاکھ روپئے تک کے قرضہ جات کی عدم معافی اور دو لاکھ ملازمتوں کی فراہمی کے وعدہ کو پورا نہ کرتے ہوئے تمام شعبہ جات کے عوام سے دغا بازی کی ہے۔تارک راما راو نے کھوکھلے وعدے کرنے کے بشمول غیر جمہوری چالوں کے ذریعہ ان کی پارٹی کے ارکان اسمبلی کو لالچ دینے پر وزیر اعلی پر نکتہ چینی کی ۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی نے کوشک ریڈی پر حملہ کیا کیونکہ انہوں نے کانگریس کے ارکان اسمبلی ڈی ناگیندر، ٹی وینکٹ راو اور کڈیم سری ہری کے خلاف نااہلی کی درخواست داخل کی تھی۔انہوں نے ریونت ریڈی کے بیان کو یاد کیا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ انحراف کرنے والے ارکان اسمبلی کو سنگسار کرتے ہوئے موت کے گھاٹ اتارنا چاہئے۔انہوں نے الزام لگایا کہ پولیس کی مدد کے ساتھ کانگریس پارٹی کے کارکنوں نے سیری لنگم پلی کے رکن اسمبلی اے گاندھی کے مکان پر حملہ کیا۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے گنیش مورتیوں کے وسرجن کے پیش نظر 17 ستمبر کو اسکولس ، کالجس اور سرکاری ملازمین کیلئے تعطیل کا اعلان کیا۔چیف سکریٹری شانتی کماری نے اس سلسلہ میں سرکاری احکام جاری کئے۔جی او میں کہا گیا ہے کہ دونوں شہروں حیدرآباد وسکندرآباد کے ساتھ ساتھ رنگاریڈی اور میڑچل ملکاجگری کے سرکاری دفاتر، اسکولس اور کالجس کو 17 ستمبر کو تعطیل ہوگی۔9 نومبر دوسرے ہفتہ کو ان علاقوں کے تمام سرکاری دفاتر، اسکولس اور کالجس کیلئے کام کا دن ہوگا۔

☆☆☆

ریاستی حکومت نے شہر کے ٹریفک کے مسائل سے نمٹنے کیلئے زنخوں کی خدمات سے استفادہ کا فیصلہ کیا ہے۔وزیر اعلی ریونت ریڈی، گذشتہ روز حیدرآباد ٹریفک کنٹرول کے لئے والنٹرس کے طور پر زنخوں کی خدمات تجرباتی بنیادوں پر حاصل کرنے کیلئے آگے آئے ہیں۔اس طرح سرکاری طور پر تقرر وسماجی بہبود کے پروگراموں کے لئے زنخوں کی خدمات سے استفادہ کرنے والی تلنگانہ ملک کی پہلی ریاست ہوجائے گی۔ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ان زنخوں کو فرائض دیئے جائیں کیونکہ اس قدم سے ٹریفک جام کی صورتحال سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ان کی شناخت کے بعد ان کے تقرر اور تربیت اور خدمات سے حیدرآباد ٹریفک پولیس کو مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعہ زنخوں کو مالی سلامتی فراہم کی جائے گی اور سماج میں قابل احترام درجہ ان کو حاصل ہوسکے گا۔وزیر اعلی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ایسے زنخوں کی تفصیلات حاصل کریں جو ایسے تقررات میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

☆☆☆

سائبرآباد پولیس نے سیری لنگم پلی کے رکن اسمبلی و پبلک اکاونٹس کمیٹی کے صدرنشین اے گاندھی،ان کے بیٹے، بھائی اور دو کارپوریٹرس وینکٹیش گوڑ اور سری کانت کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔بی آر ایس کے رکن اسمبلی پدی کوشک ریڈی کی شکایت کی بنیاد پر گچی باولی پولیس نے اقدام قتل کا مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس نے بی این ایس ایکٹ کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزارت کامرس اینڈ انڈسٹری نے کہا ہے کہ حکومت بڑے پیمانہ پرخریداری کی حکمت عملی اختیار کررہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پیاز، قابل دسترس قیمت پر صارفین کو دستیاب ہوسکے۔وزارت نے کہا کہ حکومت، ریاستی حکومتوں کے ساتھ قریبی کام کررہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ سپلائی اور طلب کے حالات اور پیاز کے رجحانات کی بنیاد پر پیاز کی سربراہی ہوسکے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ملک کے ہر گھر میں قابل دسترس پیاز دستیاب ہو۔

☆☆☆

فوڈ کارپوریشن آف انڈیا (ایف سی آئی) نے سوابھاوسوچھتا،سنسکار سوچھتا پر مرکوز کرتے ہوئے سوچھتا ہی سیوا مہم کا آغاز کیا۔اس مہم کے تحت 760 مقامات بشمول ملک بھر کے تمام ایف سی آئی دفاتر میں صفائی کی سرگرمیاں 17 ستمبر تا آئندہ ماہ کی دو تاریخ تک صفائی کے کام انجام دیئے جائیں گے۔

☆☆☆

وزیراعظم مودی، وزیرداخلہ امیت شاہ اور وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے ہندی دیوس کے موقع پر ملک کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم مودی نے اپنے ویڈیو کو شئیر کیا جس مین انہوں نے ہندی زبان کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ایک ویڈیو پیام میں وزیرداخلہ امیت شاہ نے جاریہ سال کے ہندی دیوس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ 14 ستمبر 1949 کو دستور ساز اسمبلی نے سرکاری زبان کے طور پر ہندی کو اختیار کیا۔امیت شاہ نے کہا کہ ہندی دیوس نے 75 برس مکمل کرلئے ہیں اور اس سنگ میل کو سرکاری زبان کے طور پر ہندی کی ڈائمنڈ جوبلی کے طور پر منایا جانا چاہئے۔انہوں نے ہندی کو پروان اور علاقائی زبانوں کو پروان چڑھانے کے لئے وزیراعظم مودی کی قیادت میں مساعی کی ستائش کی۔وزیردفاع نے بھی ویڈیو شئیر کرتے ہوئے ہندی کو قومی سطح کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر قبول کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

☆☆☆

وزیراعلی ریونت ریڈی کی زیرصدارت ریاستی کابینہ کا اجلاس اس ماہ کی 20 تاریخ کو ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ سکریٹریٹ میں منعقد کیا جائے گا۔اعلان کے مطابق کابینہ کا اجلاس شام میں ہوگا۔

☆☆☆

بیشتر سیاسی قائدین نے سی پی آئی ایم کے جنرل سکریٹری سیتارام یچوری کو نئی دہلی میں بھرپور خراج پیش کیا۔72 سالہ بزرگ لیڈر طویل علالت کے بعد دہلی کے ایمس میں چل بسے تھے۔ان کی لاش کو قومی دارالحکومت میں پارٹی ہیڈکوارٹرس اے کے گوپالن بھون میں عوام کے دیدار اور خراج کے لئے رکھا گیا۔بیشتر ریاستوں کے گورنرس اور وزرائے اعلی نے گذشتہ روز دہلی میں یچوری کو ان کی قیامگاہ پر خراج پیش کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ پسماندہ طبقات کمیشن نے بی سی ذاتوں کی مردم شماری کی مشق کا آغاز کردیا ہے۔کمیشن کے ارکان نے صدرنشین بی سی کمیشن نرنجن ،ارکان آرجئے پرکاش،ٹی سریندر اور بی لکشمی کے ساتھ ساتھ ممبر سکریٹری سے ملاقات کی۔انہوں نے ذاتوں کی مردم شماری اور بی سی ریزرویشن کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے تقریبا دو گھنٹوں تک ریاست میں ذاتوں کی مردم شماری کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیلی طور پر تبادلہ خیال کیا۔ذات کے سروے کے بارے میں اعلان کے سلسلہ میں خیال ظاہر کیا گیا۔کمیشن نے کہا کہ فیلڈ سروے کے مشاہدہ کے لئے اضلاع کے دورہ کے شیڈول کے بارے مین جلد اعلان کیا جائے گا۔بی سی کمیشن نے یقین دہانی کروائی کہ ماضی میں وصول معلومات کی تفصیلات حاصل کی جائیں گی۔

☆☆☆

دونوں شہروں حیدرآباد وسکندرآباد میں 17 ستمبر کو ہونے والے گنیش وسرجن کے لئے تینوں کمشنریٹس سے تقریبا 25000 ملازمین پولیس اور اضافی فورسس کو سیکوریٹی کے لئے تعینات کیا جائے گا۔شہر سے تعلق رکھنے والے تقریبا 10 ہزار ملازمین پولیس اور بیشتر اضلاع کے تقریبا 15000 ملازمین پولیس کو گنیش وسرجن کے بندوبست کیلئے تعینات کیا جائے گا۔ریاستی ڈی جی پی جیتندر، سٹی پولیس کمشنر سی وی آنند،کمشنر پولیس رچہ کنڈہ جی سدھیر بابو نے زونل صدور اور متعلقہ جی ایچ ایم سی ،حمڈا اور آرٹی اے عہدیداروں کے ساتھ مل کر بالا پور سے ٹینک بنڈ تک 19 کلومیٹر طویل گنیش وسرجن کے روٹ کا معائنہ کیا۔کمشنر پولیس سی وی آنند نے کہا کہ سیکوریٹی انتظامات کئے جائیں گے۔ساتھ ہی آرپی ایف، کیو آرٹی ،سی آرپی ایف اور دیگر مسلح فورسس کے ذریعہ بندوبست کیا جائے گا۔

☆☆☆

انہوں نے کہا کہ سیری لنگم پلی کے رکن اسمبلی اے گاندھی جنہوں نے بی آر ایس سے حکمراں جماعت کانگریس میں انحراف کیا ہے،کو پی اے سی کا صدرنشین بنانا دستور کی خلاف ورزی اور اس کا عدم احترام ہے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر دامودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ ریاست میں اندرون ایک ہفتہ ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کی کونسلنگ کا آغاز ہوگا۔انہوں نے ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کی کونسلنگ کا انتظار کرنے والے طلبہ کو تیقن دیا کہ فکرمندی کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ عمل شروع ہورہا ہے۔انہوں نے تیقن دیا کہ ایم بی بی ایس کی کونسلنگ نیشنل میڈیکل کمیشن کی مہلت پر شیڈول کے مطابق مکمل ہوگی اور اسی لحاظ سے کلاسس کا آغاز ہوگا۔وزیر موصوف نے اعادہ کیا کہ بغیر کسی مفاہمت کے تلنگانہ علاقہ کے طلبہ کے لئے نشستیں محفوظ رہیں گی۔انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ ویب آپشن رجسٹریشن کی تیاری کریں،جس کا آغاز اس وقت ہوگا جب اندرون ہفتہ کونسلنگ شروع ہوگی۔سرکاری اور خانگی کالجس بشمول نشستوں کی دستیابی کی اطلاع کالوجی نارائن راؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسس کی ویب سائٹ https://www.knruhs.telangana.gov.in پر ہوگی۔

☆☆☆

کمشنر حیدرا اے وی رگناتھ نے اعلان کیا ہے کہ گرے ہاونڈس اور ٹاسک فورس کے خطوط پر خصوصی اختیارات کے ساتھ حیدرا کو قانونی حیثیت دینے کے لئے اکتوبر میں آرڈیننس منظور کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حیدرا کا قیام جی او کے ذریعہ ہوا ہے،اس کی قانونی حیثیت نہ ہونے سے متعلق دعوے مناسب نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ مختلف والٹا ایکٹ،جی ایچ ایم سی ایکٹ،آبپاشی ایکٹ اور دیگر کی شق کے ذریعہ اختیارات حیدرا کو دئے جائیں گے۔آرڈیننس کو کابینہ کی منظوری کے بعد اس کو قانون ساز اسمبلی میں منظور کیا جائے گا۔رگناتھ کی وضاحت ایک ایسے وقت سامنے آئی ہے،جب جسٹس لکشمن کی زیر قیادت بنچ نے حیدرا کی قانونی بنیاد کی تفصیلات فراہم کرنے کے لئے ایڈوکیٹ جنرل کو ہائی کورٹ میں حاضر ہونے کی ہدایت دی ہے۔